3/03/2026

12.30 pm

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں مشاہد حسین

مودی

وزیر اعظم نریندر مودی مغربی ایشیاءمیں جاری صورتحال کے بارے میں سعودی عرب کے ولی عہد اور وزیر اعظم محمد بن سلمان کے ساتھ ٹیلی فون پر بات کی۔وزیر اعظم نریندر مودی نے سعودی عرب پر ہوئے حملوں کی مذمت کی ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ دونوں ملکوں نے علاقائی امن اور استحکام کی جلد ازجلد بحالی سے اتفاق کیا ہے۔ وزیر اعظم نے بحرین اور جارڈن کے رہنماؤں کے ساتھ بھی بات کی ۔

صورتحال

امریکہ اور اسرائیل کے حملوں میں ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ای کے جاں بحق ہونے کے بعد ابھرنے والی صورتحال کے پیش نظر سرینگر شہر اور کچھ نواحی علاقوں میں آج دوسرے روز بھی احتیاطی اقدامات نافذ رہیں گے۔ اس دوران ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے کہاہے کہ ڈویژنل انتظامیہ کو وادی میں امن و امان کے قیام میں سماج کے مختلف طبقوں کے رول کااعتراف ہے ۔ انہوننے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ احتیاط سے کام لیتے ہوئے انتظامیہ کی طرف سے جاری ایڈوائزری پر عمل کریں کسی بھی ایمر جنسی صورتحال کے دوران فون نمبر0194-274-0003 پر رابطہ کیا جا سکتاہے۔

پولیس

دریں اثنا ایک پولیس پریس بیان میں کہا گیا ہے کہ مشرقی وسطیٰ میں ابھرتی ہوئی صورتحال کے تناظر میں شہریونکی جائزاور پرُ امن طریقے سے اظہار رائے کا احترام ہے ، تاہم پتھر بازی اور میں امن و قانون کی صورتحال میں خلل ڈالنا کسی بھی صورت میں نا قابل قبول ہے۔ پریس نوٹ تمام طبقوں سے کہا گیا ہے کہ وہ صبر و تحمل سے کام لیتے ہوئے تشدد اور اشتعال انگیزی سے دور رہیں۔ اس میں مزیدکہا گیا ہے کہ پولیس غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث عناسر کے خلاف

سخت قانونی کارروائی کرے گی۔بیان میں بتایاگیا ہے کہ حکام قانون کی بالا دستی کو بنائے رکھنے نیز لوگوں کے جان و مال کو تحفظ دینے کی وعدہ بند ہے۔

عالمی دن

آج جنگلی حیات کا عالمی دن ہے ۔ آج کے دن حیاتیاتی تنوع او ر ماحولیاتی توازن بر قرار رکھنے میں جنگلی حیات اور پیڑ پودوں کی اہمیت کو اجاگرکیاجاتاہے۔ وزیرداخلہ امت شاہ نے اس دن کے موقعے پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ بھارت جنگلی حیات کو تحفظ دینے کیلئے وعدہ بند ہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوننے کہاکہ بھارت کے بے مثال اقدار ہمیں قدرتی وسائل کے ساتھ ہم آہنگ رہ کر زندگی گذارنے کا سبق دیتاہے۔

کتاب

محنت اور روز گار کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویہ نے گاندھی درشن راج گھاٹ میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران آکاشوانی کے ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر دھیرج Kakadia کی تصنیف کردہ کتاب " Mahatma a great communicator"کی رسم رونمائی انجام دی۔

لیگل سروسز

ڈسٹرکٹ لیگل سروسز اتھارٹی سرینگر کی طرف سے ضلع کورٹ کمپلیکس سرینگر میں 14مارچ کو DSLA سرینگر کے چیرمین حق نوا ز زرگر کی نگرانی میں رواں سال کی پہلی لوک عدالت کاانعقاد کیا جا رہا ہے۔اس دوران مختلف نوعیت کے معاملا ت کو شنوائی کیلئے اٹھایاجائے تاکہ انہیں باہمی افہام و تفہیم کے ساتھ حل کیا جا سکے ۔

گاندربل

ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور نے ایک میٹنگ کے دوران ضلع میں ڈسٹرکٹ کیپکس بجٹ کے تحت عملائے جا رہے کاموں کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔انہوننے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ مختلف سیکٹروں کے تحت در دست لئے گئے پروجیکٹوں کی مقررہ مدت کے اندر تکمیل کو یقینی بنائیں ۔اس موقعے پرایسپریشنل بلاک ڈیولپمنٹ پروگرام اور ایسپریشنل پنچایت ڈیولپمنٹ پروگراموں کی پیشرفت کا بھی جائزہ لیا گیا ۔

کولگام

کولگام کے ضلع ترقیاتی کمشنر شہزاد عالم نے یاری پورہ کا دورہ کرکے وہاں سرکاری دفاتر اور علاقے میں لوگونکو دستیاب طبی نگہداشت کی سہولیا ت کا جائزہ لیا۔ اس دوران انہوں نے وہاں افسروں کو ہدایت دی کہ وہ لوگوں کو اعلیٰ معیار کی سہولیات دستیاب رکھنے مینکوئی بھی دقیقہ فروگزاشت نہ کریں۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر یوٹی سے رشوت خوری کا قلع قمع کرنے نیز رشوت خوروں کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے تاہم اس بدعت کا مکمل طور سے خاتمہ کرنے کے لئے عوام کا تعاون کلیدی اہمیت کا حامل ہے ۔

ACB نے عام لوگوں کی سہولیات کیلئے ایک ہیلپ لائن بھی جاری کی ہے جس کا ACB نمبر9419678060 ہے ۔ اس بارے میں ACB کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا ۔

پروگرام

انڈین انسٹی چیوٹ آف ماس کیمونیکیشن جموں کی طرف سے محکمہ اطلاعات و رابطہ عامہ کے عملے کی صلاحیت سازی کا6روزہ پروگرام کل اختتام پذیر ہوا۔تربیتی پروگرام کے دوران محکمے کے پچاس سٹاف ممبروں کومیڈیا کے جدید طور طریقوں سے روشناس کرایاگیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****